
باب 6

# مثلث اوراس کی خصوصیات

## 6.1 تعارف (Introduction)



شکل 6.1

آپ نے دیکھا ہے کہ ایک مثلث تین قطعات خط کی ایک سادہ بند شکل ہوتی ہے۔
اس میں تین راسیں تین اضلاع اور تین زاویے ہوتے ہیں۔
یہاں ΔABC دیا گیا ہے۔(تصویر 6.1) اس میں

**اضلاع:** AB، BC، CA

**زاویے:** ∠BAC, ∠ABC, ∠BCA

**راسیں:** A, B, C

راس A کا متقابل ضلع BC ہے۔کیا آپ ضلع AB کا متقابل زاویہ بتا سکتے ہیں؟
آپ مثلث کی مختلف قسمیں بھی جانتے ہیں۔

(i) ضلعوں کے اعتبار سے مختلف الاضلاع، مساوی الساقین اور مساوی الاضلاع

(ii) اوپر دیے گئے مثلثوں کی طرح کے کچھ ماڈل کاٹ کر بنایئے زاویوں کے اعتبار سے زاویہ حادہ، زاویہ منفرجہ اور زاویہ قائمہ مثلث اپنے ماڈل کا موازنہ اپنے دوستوں کے ماڈل سے کیجیے۔اور اس پر بحث کیجیے۔

### کوشش کیجیے:



1۔ ΔABC کے 6 حصے لکھیے۔(یعنی تین اضلاع اور تین زاویے)۔

2۔ لکھیے۔

(i) ΔPQR میں راس Q کا متقابل ضلع۔

(ii) ΔLMN میں ضلع LM کا متقابل راس۔


© NCERT not to be republished



3۔ تصویر 6.2 کو دیکھیے ہر مثلث کی درجہ بندی کیجیے۔

(i) ضلعوں کے اعتبار سے


(ii) زاویوں کے اعتبار سے




شکل 6.2

## 6.2 ایک مثلث کے وسطانیے (Medians of a Triangle)

آپ جانتے ہیں کہ ایک دی گئی قطعہ خط کا عمودی ناصف کاغذ موڑ کر کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ ایک کاغذ کا ABC کا ٹیے (تصویر 6.3) کوئی بھی ایک ضلع لیجیے۔ مان لیجیے BC کا غذ موڑ کر BC کا عمودی ناصف بنایئے کاغذ کا موڑ BC سے اس کے بیچ کا نقطہ D پر مل رہا ہے۔ AD کو ملایئے۔




شکل 6.3

قطعہ خط AD، BC کے درمیانی نقطہ کو متقابل راس A سے، ملانے پر، مثلث کا ایک وسطانیہ کہلاتا ہے۔

ضلع AB اور CA کو دیکھیے اور مثلث کے دو اور وسطانیے معلوم کیجیے۔

مثلث کے کسی بھی راس کو اس کے متقابل ضلع کے درمیانی نقطہ کو جوڑنے والے خط کو وسطانیہ کہتے ہیں۔




### سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے

1۔ ایک مثلث کے کتنے وسطانیے ہوتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

2۔ کیا ایک وسطانیہ پوری طرح سے مثلث کے اندر پایا جاتا ہے۔(اگر آپ کو لگتا ہے کہ یہ درست نہیں ہے تو ایسی کسی حالت کی شکل بنائیے۔




شکل 6.4

## 6.3 مثلث کا ارتفاع (Altitudes of a Triangle)

گتّے کا ایک مثلث نما ABC بنائیے۔ اس کو ایک میز پر کھڑا کر دیجیے۔ مثلث کتنا اونچا ہے؟ یہ اونچائی راس سے قاعدہ BC کے درمیان کا فاصلہ ہے۔

A سے BC ہر آپ بہت سے خطوط کھینچ سکتے ہیں شکل 6.5 دیکھیے )۔ان میں سے کون سا خط اس کی اونچائی دکھا رہا ہے۔



شکل 6.5

اونچائی وہ قطعہ خط ہے جو A سے BC پر بالکل سیدھی کھینچی ہوئی ہے اور جو BC پر عمود ہے۔


کسی ارتفاع کا ایک سرا مثلث کے راس پر ہوتا ہے اور دوسرا سرا متقابل ضلع پر ہوتا ہے۔ ہر راس سے ایک ارتفاع کھینچا جا سکتا ہے۔



### سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے

1۔ ایک مثلث کے کتنے ارتفاع ہو سکتے ہیں۔

2۔ مندرجہ ذیل مثلثوں کے لیے A سے BC پر بننے والے ارتفاع کے کچھ رف اسکیچ بنائیے۔



شکل 6.6

3۔ کیا کسی مثلث کا ارتفاع اس کے اندرون میں پایا جاتا ہے؟ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ درست نہیں ہے تو ایسے صورت حال کو دکھانے لیے ایک رف اسکیچ بنائیے۔

4۔ کیا آپ ایسا کوئی مثلث سوچ سکتے ہیں۔ جس کے دو ارتفاع اس کے دو ضلعے ہوں؟

5۔ کیا کسی مثلث کا ارتفاع اور وسطانیہ ایک ہوسکتا ہے (اشارہ: سوال نمبر 4 اور 5 کے لیے مثلث کی ہر قسم میں ارتفاع بنائیے اور جانچیے)۔

### خود کریں

درج ذیل میں ہر ایک کے کئی اشکال کاٹیے۔

© NCERT not to be republished




(i) مساوی الاضلاع مثلث (ii) مساوی الساقین مثلث

(iii) مختلف ضلعی مثلث

ان کے وسطانیے اور ارتفاع معلوم کیجیے۔کیا آپ نے ان میں کوئی خاص بات دیکھی؟ اپنے دوستوں سے اس بارے میں بات کیجیے)۔

## مشق 6.1

1۔ ΔPQR میں QR کا درمیانی نقطہ D ہے۔




PM ___________ ہے۔

PD ___________ ہے۔

کیا QM = MR ہے؟

2۔ مندرجہ ذیل کی رف شکلیں بنائیے۔

(a) ΔABC، BE ایک وسطانیہ ہے۔

(b) ΔPQR میں PQ اور BR مثلث کے ارتفاع ہیں۔

(c) ΔXYZ میں، YL مثلث کے بیرون میں ایک ارتفاع ہے۔


3۔ ڈائیگرام بنا کر تصدیق کیجیے کہ کیا کسی مساوی الساقین مثلث کا ارتفاع اور وسطانیہ ایک سے ہو سکتے ہیں۔

## 6.4 مثلث کے بیرونی زاویہ اور اس کی خصوصیت

## (Exterior Angle of a Triangle and its Property)

### خود کریں

1۔ ΔABC بنائیے اور اس کے کسی ایک ضلع، مان لیجیے۔ BC کو تصویر 6.7 میں دکھائے گئے طریقے سے بڑھائیے نقطہ C پر بنے زاویہ ACD پر دھیان دیجیے۔ یہ زاویہ ΔABC کے بیرون میں واقع ہے۔ اس کو ہم ΔABC کے راس C پر بننے والا بیرونی زاویہ کہتے ہیں۔





شکل 6.7

صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ∠BCA، ∠ACD کا متصل زاویہ ہے۔ مثلث کے باقی زاویوں کے نام ∠A اور ∠B اور ان زاویوں کے متقابل داخلی زاویے کہتے ہیں۔ یا ∠ACD کے دور یموٹ داخلی زاویے کہلاتے ہیں۔ اب ∠A اور ∠B کو کاٹ لیجیے (یا ان کی نقل بنا لیجیے۔) اور تصویر 6.8 میں دکھائے گئے طریقے سے ایک دوسرے کے ملا کر رکھیے۔

© NCERT not to be republished

کیایہ دونوں ٹکڑے ACD∠ کو پوری طرح ڈھک پا رہے ہیں کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ

$m\angle ACD = m\angle A + m\angle B$?



شکل 6.8




2۔ جیسا کہ پہلے بھی کیا ہے، ایک مثلث ABC بنائیے اور ایک بیرونی زاویہ ACD بنائیے اب چاندہ کی مدد سے ACD∠، A∠ اور B∠ کو ناپیے۔

A+∠B∠ کا جوڑ معلوم کیجیے اور اس کا موازنہ ACD∠ سے کیجیے۔ کیا آپ نے مشاہدہ کیسا کہ ACD∠، A+∠B∠ کے برابر ہے (یا تقریباً برابر ہے۔ اگر ناپنے میں کوئی غلطی ہوگئی)؟

آپ کچھ اور مثلث اور ان کے بیرونی زاویے بنا کر یہ سرگرمی دہرا بھی سکتے ہیں۔ ہر بار آپ پائیں گے کہ مثلث کا بیرونی زاویہ متقابل داخلی زاویوں کے جوڑ کے برابر ہے۔

قدم بہ قدم منطقی استدلال اس حقیقت کو مزید ثابت کر سکتا ہے۔



شکل 6.9

کسی ایک مثلث کا ایک بیرونی زاویہ اپنے متقابل داخلی زاویوں کے جوڑ کے برابر ہوتا ہے۔

**دیا گیا ہے:** ΔABC پر دھیان دیجیے۔

ACD∠ ایک بیرونی زاویہ ہے۔

**ثابت کرنا ہے:** $m\angle ACD = m\angle A + m\angle B$

C سے $\overline{BA}$ کے متوازی $\overline{CE}$ بنائیے۔

| وضاحت | وجوہات |
|---|---|
| $\angle 1 = \angle x$ (a) | $\overline{BA} \mid \overline{CE}$ اور $\overline{AC}$ ایک خط قاطع ہے۔ اس لیے متبادل زاویوں کو برابر ہونے چاہیں۔ |
| $\angle 2 = \angle y$ (b) | $\overline{BA} \mid \overline{CE}$ اور $\overline{BD}$ ایک خط قاطع ہے۔ اس لیے نظیری زاویوں کو برابر ہونا چاہیے۔ |
| $\angle 1 + \angle 2 = \angle x + \angle y$ | |
| اب $\angle x + \angle y = m\angle ACD$ | تصویر 6.9 ہے۔ |
| لہٰذا $\angle 1 + \angle 2 = \angle ACD$ | |


مثلث کے بیرونی زاویے اور متقابل داخلی زاویوں کے اس تعلق کو مثلث کے بیرونی زاویے کی خصوصیت کہا جاتا ہے۔

## سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے



1۔ کسی مثلث کے بیرونی زاویے مختلف طریقوں سے بنایے جا سکتے ہیں۔ ان میں سے تین یہاں (تصویر 6.10) دکھائے جا رہے ہیں۔

© NCERT not to be republished




شکل 6.10

اس کے علاوہ، بیرونی زاویے بنانے کے تین اور بھی طریقے ہیں ان کے رف اسکیچ کو بنانے کی کوشش کیجیے۔

2۔ کیا کسی مثلث کی ہر ایک راس پر بنائے گئے بیرونی زاویے برابر ہیں؟

3۔ آپ کسی مثلث کے بیرونی زاویہ اور اس کے متصل داخلی زاویہ کے جوڑ کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں؟




شکل 6.11

**مثال 1** تصویر 6.11 میں زاویہ $x$ معلوم کیجیے۔

**حل** متقابل داخلی زاویوں کا جوڑ بیرونی زاویہ

یا $50° + x = 110°$

یا $x = 60°$



### سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے

1۔ آپ متقابل داخلی زاویوں کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں اگر بیرونی زاویے ہوں۔

(i) ایک زاویہ قائمہ؟ (ii) ایک زاویہ منفرجہ؟ (iii) ایک زاویہ حادہ؟


2۔ کیا کسی مثلث کا بیرونی زاویہ، زاویہ مستقیم ہو سکتا ہے؟

### کوشش کیجیے:

1۔ کسی مثلث کا ایک بیرونی زاویے کی پیمائش 70° ہے اور متقابل داخلی زاویوں میں سے ایک زاویے کی پیمائش 25° ہے۔ دوسرے متقابل داخلی زاویے کی پیمائش معلوم کیجیے؟

2۔ کسی مثلث کے بیرونی زاویہ کے متقابل داخلی زاویے 60° اور 80° کے ہیں۔ بیرونی زاویہ کی پیمائش معلوم کیجیے۔

3۔ کیا اس ڈائیگرام (تصویر 6.12) میں کچھ غلط ہے؟





شکل 6.12


## مشق 6.2

1۔ مندرجہ ذیل ڈائیگراموں میں نامعلوم بیرونی زاویوں کی قیمت معلوم کیجیے۔


© NCERT not to be republished




(i)





(ii)





(iii)







(iv)





(v)





(vi)


2۔ مندرجہ ذیل اشکال میں نامعلوم متقابل داخلی زاویہ کی قیمت معلوم کیجیے۔





(i)





(ii)





(iii)




(iv)




(v)





(vi)

© NCERT not to be republished

## 6.5 کسی مثلث کے زاویوں کے جوڑ کی خصوصیت
## (Angle Sum Property of a Triangle)

کسی مثلث کے تینوں زاویوں کے جوڑ سے متعلق یہ ایک بہت زبردست خصوصیت ہے۔ مندرجہ ذیل چار سرگرمیوں کی مدد سے آپ اس خصوصیت کو سمجھ سکیں گے۔


1۔ ایک مثلث بنائیے۔اس کے تینوں زاویے کاٹ لیجیے۔شکل (i), (ii) 6.13 میں دکھائے گئے طریقہ سے اس کو ترتیب دے دیجیے۔ان تینوں زاویوں سے مل کر اب ایک زاویہ بن گیا ہے۔یہ زاویہ مستقیم ہے اور اس کی پیمائش 180° ہے۔




**شکل 6.13**


لہٰذا کسی مثلث کے تینوں زاویوں کا جوڑ 180° ہوتا ہے۔

2۔ اس حقیقت کو آپ مختلف طریقے سے دیکھ سکتے ہیں۔کسی مثلث کی تین کاپیاں لیجیے، مان لیجیے ΔABC کی (شکل 6.14)




**شکل 6.14**

تصویر 6.15 کی طرح اس کو ترتیب دیجیے۔∠1+∠2+∠3؟ کے بارے میں آپ نے کیا مشاہدہ کیا؟ (کیا آپ نے بیرونی زاویے کی خصوصیت کو دیکھا)؟





**شکل 6.15**

3۔ ایک کاغذ لیجیے اور ایک مثلث، مثلاً ΔABC، کاٹ لیجیے۔(شکل 6.16)

ΔABC کو موڑ کر ایک ایسا ارتفاع AM بنائیے جو A سے گزرے

اب مثلث کے تینوں کونوں کو اس طرح موڑیے کہ تینوں راس A، B اور C سے M کو چھوئیں۔




**شکل 6.16**

آپ پائیں گے کہ تینوں زاویے مل کر ایک زاویہ مستقیم بناتے ہیں۔یہ پھر اسی بات کو ظاہر کرتا ہے کہ کسی مثلث کے تینوں

© NCERT not to be republished


زاویوں کا جوڑ 180° کے برابر ہوتا ہے۔

**4۔** کوئی تین مثلث ΔABC، ΔPQR اور ΔXYZ اپنی کاپی پر بنائیے۔
چاندے کی مدد سے ان مثلثوں کے تینوں زاویوں کی پیمائش کیجیے۔ اپنے نتائج کو جدول میں بھریے۔

| مثلث کا نام | زاویوں کی پیمائش | تینوں زاویوں کی پیمائش کا جوڑ |
|---|---|---|
| ΔABC | $m\angle C =$ $m\angle B =$ $m\angle A =$ | $m\angle A + m\angle B + m\angle C =$ |
| ΔPQR | $m\angle R =$ $m\angle Q =$ $m\angle P =$ | $m\angle P + m\angle Q + m\angle R =$ |
| ΔXYZ | $m\angle Z =$ $m\angle Y =$ $m\angle X =$ | $m\angle X + m\angle Y + m\angle Z =$ |

پیمائش میں تھوڑی بہت غلطی ممکن ہے، آپ دیکھیں گی آخری کالم میں ہمیشہ 180° (یا تقریباً 180°) آتا ہے۔
جب بالکل درست پیمائش ممکن ہوگی تو یہ دکھائے گا کہ تینوں زاویوں کی پیمائش کا جوڑ 180° کے برابر ہوتا ہے۔
اب آپ اس قابل ہو گئے ہیں کہ اپنے اس نتیجہ کو منطقی استدلال کی مدد سے ثابت کرسکیں۔

**بیان :** **کسی مثلث کے تینوں زاویوں کی کل پیمائش 180° کے برابر ہے۔**



شکل 6.17

اس بیان کی صداقت کو ثابت کرنے کے لیے ہم مثلث کے بیرونی زاویے کی خصوصیت کا استعمال کرتے ہیں۔

دیا گیا ہے ΔABC کے زاویے ∠1، ∠2 اور ∠3 ہیں

جب BC کو D تک بڑھایا گیا تو ∠4، بیرونی زاویہ ہے۔

صداقت کی وضاحت $\angle 1 + \angle 2 = \angle 4$ (بیرونی زاویہ کی خصوصیت)

$\angle 1 + \angle 2 + \angle 3 = \angle 4 + \angle 3$ (دونوں طرف ∠3 جوڑ دیا)

لیکن ∠4 اور ∠3 تو ایک خطی جوڑا بنا رہے ہیں۔ جس کا جوڑ 180° کے برابر ہوتا ہے۔ اس لیے

$\angle 1 + \angle 2 + \angle 3 = 180°$

آیئے اب ہم دیکھتے ہیں ہم اس خصوصیت کا استعمال مختلف طرح سے کرسکتے ہیں۔

**مثال 2** دی گئی شکل (تصویر 6.18) میں m∠P معلوم کیجیے۔

**حل** کسی مثلث کے زاویوں کے جوڑ کی خصوصیت کی مدد سے

$m\angle P + 47° + 52° = 180°$


اس لیے $m\angle P = 180° - 47° - 52°$

© NCERT not to be republished




## مشق 6.3

1۔ مندرجہ ذیل ڈائیگرام میں نامعلوم $x$ کی قیمت معلوم کیجیے۔




2۔ مندرجہ ذیل ڈائیگرام میں نامعلوم $x$ اور $y$ کی قیمت معلوم کیجیے۔




© NCERT not to be republished

### کوشش کیجیے:

1۔ کسی مثلث کے دو زاویے 30° اور 80° ہیں۔ تیسرا زاویہ معلوم کیجیے۔

2۔ کسی مثلث کا ایک زاویہ 80° کے برابر ہے اور باقی زاویے آپس میں برابر ہیں۔ برابر زاویوں میں سے ہر زاویے کی قیمت معلوم کیجیے۔

3۔ کسی مثلث کے تینوں زاویوں کی نسبت 1:2:1 ہے مثلث کے تینوں زاویے معلوم کیجیے۔ مثلث کی درجہ بندی دو مختلف طریقوں سے کیجیے۔


## سوچیے بحث کیجیے اور لکھیے



1۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس کے دو زاویے، زاویہ قائمہ ہوں؟
2۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس کے دو زاویے، زاویہ منفرجہ ہو؟
3۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس کے دو زاویے، زاویہ حادہ ہوں؟
4۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس کے تینوں زاویے 60° سے بڑے ہوں؟
5۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس تینوں زاویے 60° کے برابر ہوں؟
6۔ کیا آپ کے پاس کوئی ایسا مثلث ہوسکتا ہے جس کے تینوں زاویے 60° سے کم ہوں؟

## 6.6 دو مخصوص مثلث مساوی الاضلاع اور مساوی الساقین
## (Two Special Triangles : Equilateral and Isosceles)

**وہ مثلث جس کے تینوں اضلاع برابر ہوتے ہیں مساوی الاضلاع مثلث کہلاتا ہے۔**




شکل 6.19


کسی مساوی الاضلاع مثلث ABC کی دو ہم شکل تصویریں لیجیے (شکل 6.19) ان میں سے ایک کو ایک جگہ چپکا دیجیے اور دوسری کو اس کے اوپر رکھ دیجیے۔ یہ پوری طرح سے پہلے مثلث کو ڈھک لے گی۔ اس کو کسی بھی طرح سے گھمایئے یہ پھر ایک دوسری کو پوری طرح ڈھک لیتے ہیں۔ آپ نے یہ دیکھا کہ جب تینوں اضلاع برابر ہوتے ہیں تو تینوں زاویوں کی پیائش بھی ایک سی ہوتی ہے؟

ہم نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ مساوی الاضلاع مثلث میں؛


(i) تمام اضلاع کی لمبائی برابر ہے۔

(ii) ہر زاویہ کی پیائش 60° ہے۔

**ایسا مثلث جس کے دو اضلاع برابر ہوتے ہیں مساوی الساقین مثلث کہلاتا ہے۔**




شکل 6.20




© NCERT not to be republished

کاغذ کا ایک مساوی الساقین مثلث XYZ کاٹیے جس کی XY=XZ ہو۔ (شکل 6.20) اس کو اس طرح موڑیے کہ Z، Y پر آ جائے۔ X سے گذرنے والا خط XM اب خط تشاکل ہے۔ (جس کے بارے میں آپ باب 14 میں پڑھیں گے۔ آپ دیکھیں گے کہ Y∠ اور Z∠ ایک دوسرے کے اوپر پوری طرح سے فٹ آتے ہیں۔ XY اور XZ مساوی اضلاع کہلاتے ہیں۔ YZ قاعدہ کہلاتا ہے۔ Y∠ اور Z∠ کو قاعدہ پر بنے زاویے کہتے ہیں یہ آپس میں برابر ہوتے ہیں۔


لہٰذا، ایک مساوی الساقین مثلث میں:

(i) دو اضلاع کی لمبائی آپس میں برابر ہوتی ہے۔


(ii) برابر لمبائی والے اضلاع کی متقابل زاویے، جو کہ قاعدہ پر بنے ہوتے ہیں، بھی آپس میں برابر ہوتے ہیں۔

## کوشش کیجیے:

1۔ ہر شکل میں زاویہ x معلوم کیجیے۔




2۔ ہر شکل میں زاویے $x$ اور $y$ معلوم کیجیے۔




(i) (ii) (iii)

## 6.7 کسی مثلث کے دو اضلاع کی لمبائیوں کا جوڑ

## (Sum of the Lengths of Two Sides of a Triangle)




شکل 6.21

1۔ اپنے کھیل کے میدان میں تین غیر ہم خط نشانات A، B اور C لگائیے۔ چونے کی مدد سے راستے AB، BC اور AC پر نشان لگائیے۔

اپنے دوست سے کہیے کہ وہ A سے شروع کرکے، ایک یا زیادہ راستوں سے گزر کر C پر پہنچے۔ مثال کے طور پر وہ پہلے $\overline{AB}$ سے اور پھر $\overline{BC}$ سے ہو کر C پر پہنچے۔ یا وہ سیدھی $\overline{AC}$ کے ذریعے بھی C پر پہنچ سکتی ہے۔ یقیناً وہ AC والا سیدھا راستہ ہی اپنائے گی۔ اگر وہ دوسرا راستہ اپناتی ہے۔ (پہلے $\overline{AB}$ پر $\overline{BC}$) تو اس کو زیادہ چلنا پڑتا ہے۔

دوسرے الفاظ میں

$$AB + BC > AC$$

اس طرح، اگر کسی کو B سے شروع کرکے A پر پہنچنا ہے تو وہ $\overline{BC}$ اور $\overline{CA}$ والا راستہ نہ اپنا کر $\overline{BA}$ والا راستہ چننا زیادہ پسند کرے گی/ گا۔ کیونکہ

$$BC + CA > AB$$

بالکل اسی وجہ سے، آپ معلوم کرسکتے ہیں

کہ $CA + AB > BC$

ان مشاہدات سے پتہ چلتا ہے کہ کسی بھی مثلث کے دو اضلاع کا جوڑ تیسرے ضلع کی پیمائش سے زیادہ ہوتا ہے۔

2۔ مختلف پیمائشوں کی 15 چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جمع کیجیے (یا پٹیاں) جیسے، ہم 7 سم، 8 سم، 9 سم، ......20 سم۔

ان میں سے کوئی بھی تین لکڑیاں لیجیے اور اس سے ایک مثلث بنانے کی کوشش کیجیے۔ تین تین لکڑیوں کے مختلف مجموعے لے کر اس سرگرمی کو دہرائیے۔

مان لیجیے پہلے آپ نے 6 سم اور 12 سم لمبی دو لکڑیاں لیں تو آپ کی تیسری لکڑی کی لمبائی 6=6–12 سم سے ہر حال میں زیادہ


© NCERT not to be republished

اور 12+6=18 سم سے کم ہونی چاہیے۔ اس کو کر دیکھیے اور بتائیے کہ ایسا کیوں ہے۔

ایک مثلث بنانے کے لیے آپ کو تین ایسی لکڑیوں کی ضرورت ہوگی جن میں سے کوئی بھی دو کی لمبائیوں کا جوڑ تیسری لکڑی کی لمبائی سے زیادہ ہوگا۔

اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ ایک مثلث کے دو اضلاع کا جوڑ تیسرے ضلع کی لمبائی سے زیادہ ہوتا ہے۔

3۔ اپنی کاپی میں کوئی بھی تین مثلث بنائیے جیسے $\Delta ABC$، $\Delta PQR$ اور $\Delta XYZ$ (شکل 6.22)




**شکل 6.22**

پھر اپنے نتائج کو جدول میں دیے گئے طریقے سے بھر دیجیے۔

| Δ کا نام | اضلاع کی لمبائیاں | کیا یہ صحیح ہے | |
|---|---|---|---|
| Δ ABC | AB ___ | AB – BC < CA<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | BC ___ | BC – CA < AB<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | CA ___ | CA – AB < BC<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| PQR | PQ ___ | PQ – QR < RP<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | QR ___ | QR – RP < PQ<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | RP ___ | RP – PQ < QR<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| Δ XYZ | XY ___ | XY – YZ < ZX<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | YZ ___ | YZ – ZX < XY<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |
| | ZX ___ | ZX – XY < YZ<br>___ + ___ > ___ | ہاں/نہیں |

© NCERT not to be republished

اس سے ہمارے پہلے لگائے گئے اندازے کو تقویت ملتی ہے اس لیے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ، ایک مثلث کے دو اضلاع کی لمبائی کا جوڑ تیسرے ضلع کی لمبائی سے زیادہ ہوتا ہے۔

ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ایک مثلث کے کوئی بھی دو اضلاع کی لمبائیوں کا فرق تیسرے ضلع کی لمبائی سے چھوٹا ہوتا ہے۔

**مثال 3** کیا کوئی مثلث ایسا ہو سکتا ہے جس کے اضلاع کی لمبائیاں 10.2 سم، 5.8 سم، اور 4.5 سم ہوں؟

**حل** مان لیجیے ایک مثلث ممکن ہے۔ تو کوئی بھی دو اضلاع کی لمبائیوں کا جوڑ تیسرے ضلع کی لمبائی سے زیادہ ہوتا۔ آیئے اس کی جانچ کریں۔

کیا؟ $4.5 + 5.8 > 10.2$ ہاں

کیا؟ $5.8 + 10.2 > 4.5$ ہاں

کیا؟ $10.2 + 4.5 > 5.8$ ہاں

اس لیے یہ مثلث ممکن ہے۔


**مثال 4** ایک مثلث کے دو اضلاع کی لمبائیاں 6 سم اور 8 سم ہیں تیسرے ضلع کی لمبائی کن دو اعداد کے درمیان ہو سکتی ہے؟

**حل** ہم جانتے ہیں مثلث کے دو اضلاع کی لمبائیوں کی جوڑ ہمیشہ تیسرے ضلع کی لمبائی سے زیادہ ہوتا ہے۔

اس لیے تیسرے ضلع کی لمبائی دونوں ضلوع کی لمبائیوں کے جوڑ سے کم ہونی چاہئے۔ یعنی $6+8=14$ سم سے کم تیسرے ضلع کی لمبائی اضلاع کی لمبائیوں کے فرق سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ اس لیے تیسرے ضلع کی لمبائی $8-6=2$ سم سے زیادہ ہوتی۔

اس لیے تیسرے ضلع کی لمبائی 14 سم سے کم اور 2 سم سے زیادہ ہوگی۔

## مشق 6.4




**1۔** کیا یہ ممکن ہے کہ کسی مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں مندرجہ ذیل ہوں۔

(i) 2 cm, 3 cm, 5 cm (ii) 3 cm, 6 cm, 7 cm

(iii) 6 cm, 3 cm, 2 cm

**2۔** کوئی نقطہ O مثلث PQR کے اندرون میں لیجیے۔ کیا




(i) $OP + OQ > PQ$?


(ii) $OQ + OR > QR$?

(iii) $OR + OP > RP$?

**3۔** AM مثلث ABC کا وسطانیہ ہے۔

کیا؟ $AB + BC + CA > 2\ AM$?

© NCERT not to be republished





(مثلث کے ΔABM اور ΔAMC کے اضلاع کو دیکھیے۔)

4۔ ABCD ایک چار ضلعی ہے۔ کیا

کیا AB + BC + CD + DA > AC + BD?

5۔ ABCD ایک چار ضلعی ہے کیا




AB + BC + CD + DA < 2 (AC + BD)?

6۔ مثلث کے دو اضلاع کی لمبائیاں 12 سم اور 15 سم ہیں۔ تیسرے ضلع کی لمبائی کن دو پیمائشوں کے درمیان ہونی چاہیے۔


## سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے



1۔ کیا کسی مثلث کے دو زاویوں کا جوڑ ہمیشہ تیسرے زاویہ سے بڑا ہوتا ہے؟

## 6.8 زاویہ قائمہ مثلث اور فیثا غورث کا مسئلہ
## (Right-angled Triangles and Pythagoras Property)


اس حصہ میں زاویہ قائمہ مثلث کی ایک بہت اہم اور کارآمد خصوصیت دی گئی ہے۔ جس کا پتہ یونانی فلسفی فیثا غورث نے چھٹی صدی ق۔م۔ نے لگایا تھا لہٰذا اس خصوصیت کا نام انہیں کے نام پر رکھا گیا ہے۔ درحقیقت اس خصوصیت کے بارے اُس دوسرے مما لک کے لوگ بھی جانتے تھے۔ ہندوستانی ریاضی دیاں بودھان نے بھی اس خصوصیت کے معادل شکل پیش کی تھی۔ اب ہم فیثا غورث کی اس خصوصیت کی وضاحت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔




شکل 6.23

زاویہ قائمہ مثلث میں اضلاع کے کچھ مخصوص نام ہوتے ہیں وہ ضلع جو زاویہ قائمہ کے متقابل ہوتا ہے وتر کہلاتا ہے؛ باقی دو اضلاع زاویہ قائمہ مثلث کے بازو کہلاتے ہیں۔

ΔABC میں (تصویر 6.23)           B پر ہے، اس لیے AC اس کا وتر ہے۔ $\overline{AB}$ اور $\overline{BC}$، ΔABC کے دو بازو ہیں۔




شکل 6.24

زاویہ قائمہ مثلث کے کسی بھی پیمائش کی آٹھ معاول اشکال بنا لیجیے۔


مثال کے طور پر آپ ایک زاویہ قائمہ مثلث بنائیے جس کا وتر a اکائی لمبائی ہو۔ اور باقی دونوں بازوؤں کی لمبائیاں b اکائی اور c اکائی ہو۔ (تصویر 6.24)

ایک کاغذ پر دو معاول مربع بنائیے جس کا ضلع $b+c$ لمبائی کا ہو۔

آپ ایک مربع میں چار مثلث رکھنے ہیں اور باقی کے چار مثلث

© NCERT not to be republished

دوسرے مربع میں رکھتے ہیں جیسا کہ ڈائیگرام میں دکھایا گیا ہے شکل 6.25۔




**شکل 6.25**


مربع معاول ہیں اور آٹھ مثلث بھی معاول ہیں۔ لہٰذا مربع A کا خالی حصہ = مربع B کا خالی حصہ

یعنی مربع A کے اندرونی مربع کا رقبہ = مربع B کے اندر خالی جگہ پر بننے والے دونوں مربعوں کا کل رقبہ

$$a^2 = b^2 + c^2$$

یہ فیثاغورث کا مسئلہ ہے۔ اس کو مندرجہ ذیل طریقے سے بیان کیا جا سکتا ہے۔


ایک قائمہ زاوی مثلث میں
وتر کا مربع = دونوں بازوؤں کے مربعوں کا جوڑ




ریاضی میں فیثاغورث کی خصوصیت بہت کار آمد آلہ کی طرح ہیں۔ بعد میں آنے والی جماعتوں میں اس کو ایک مسئلہ کی طرح ثابت کیا جائے گا۔ آپ کو اس کا مطلب اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے۔

اس میں کہا گیا ہے کہ کسی زاویہ قائمہ مثلث میں وتر پر بننے والا مربع کا رقبہ، اس کے بازو پر بننے والے مربعوں کے رقبوں کے جوڑ کے برابر ہوتا ہے۔

ایک زاویہ قائمہ مثلث بنائیے، اگر ایک گراف پیپر پر بنائیں تو زیادہ اچھا ہے۔ اس کے اضلاع پر الگ الگ مربع بنائیے۔ ان مربعوں کا رقبہ نکالیے اور اس مسئلہ کو عملی طور جانچیے۔ (شکل 6.26) اگر آپ کے پاس ایک زاویہ قائمہ مثلث ہے تو فیثاغورث کی خصوصیت اس میں لاگو ہوگی۔ اور اگر فیثاغورث کی خصوصیت کسی مثلث پر لاگو ہو رہی ہے تو کیا وہ مثلث زاویہ قائمہ مثلث ہوگا؟ (اس طرح کے مسئلہ کو معکوس مسئلہ کہتے ہیں) ہم اس کا جواب دینے کی کوشش کریں گے۔ اب ہم دکھائیں گے کہ اگر ایک مثلث ایسا ہے اس کے دو اضلاع پر بنے مربعوں کے رقبوں کا جوڑ تیسرے




**شکل 6.26**

© NCERT not to be republished

ضلع پر بنے مربع کے رقبے کے برابر ہو۔ تو یہ مثلث لازمی طور پر زاویہ قائمہ مثلث ہوگا۔


## کوشش کیجیے:



1۔ تین ایسے مربع کاٹیے جن کے اضلاع بالترتیب 4 سم، 5 سم اور 6 سم لمبے ہوں۔ (شکل 6.27) میں دکھائے گئے طریقے سے ان مربعوں کی ترتیب اس طرح دیجیے کہ ان سے ایک مثلث نما شکل بن کر سامنے آئے۔ اس طرح بنے مثلث کی نقل اتار لیجیے مثلث کے ہر زاویہ کی پیائش کیجیے آپ پائیں گے کہ ان میں سے کوئی زاویہ قائمہ نہیں ہے۔

دراصل اس صورت حال میں ہر زاویہ حادہ ہے۔ نوٹ کیجیے کہ

$6^2+4^2 \ne 5^2$ اور $4^2+5^2 \ne 6^2$, $5^2+6^2 \ne 4^2$




شکل 6.27

2۔ اس سرگرمی کو 4 سم، 5 سم اور 7 سم کی لمبائیوں کے ساتھ دہرائیے۔ آپ کو ایک منفرجہ زاویہ مثلث ملے گا۔ نوٹ کیجیے۔

$4^2+5^2 \ne 7^2$

اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ فیثا غورث کی خصوصیت صرف اور صرف اسی وقت لاگو ہوتی ہے جب مثلث ایک زاویہ قائمہ مثلث ہو۔ لہٰذا ہم کو یہ حقیقت ملتی ہے:

| |
|---|
| اگر فیثا غورث کی خصوصیت لاگو ہوتی ہے تو مثلث ضروری طور پر قائمہ زاویہ مثلث ہوگا۔ |

**مثال 5** معلوم کیجیے کہ کیا ایک ایسا مثلث جس کی اضلاع کی لمبائیوں 3 سم، 4 سم، اور 5 سم ہوں تو وہ ایک قائمہ زاوی مثلث ہے۔


**حل** $3^2=3\times3=9;\ 4^2=4\times4=16;\ 5^2=5\times5=25$

ہم نے دیکھا کہ $3^2+4^2=5^2$

اس لیے مثلث، قائمہ زاویہ ہے۔

نوٹ: ہر قائمہ زاویہ مثلث میں وتر ہمیشہ سب سے لمبا ضلع ہوتا ہے اس مثال میں وہ ضلع جس کی لمبائی 5 سم ہے وہ وتر ہے۔

**مثال 6** $\Delta ABC$ ایک قائمہ زاویہ مثلث ہے جس کا زاویہ قائمہ C پر ہے۔ اگر AC=5 سم BC=12 سم ہے۔ تو AB کی لمبائی معلوم کیجیے۔




شکل 6.28

**حل** ایک رف شکل ہماری مدد کرے گی (شکل 6.28)

© NCERT not to be republished


فیثاغورث کی خصوصیت سے $AB^2 = AC^2 + BC^2$
$= 5^2 + 12^2 = 25 + 144 = 169 = 13^2$

یا $AB^2 = 13^2$

اس لیے $AB = 13$

## کوشش کیجیے:

مندرجہ ذیل اشکال میں نا معلوم لمبائی $x$ معلوم کیجیے۔





شکل 6.29

## مشق 6.5



1۔ PQR ایک مثلث ہے جس میں P پر زاویہ قائمہ بن رہا ہے
اگر PQ = 10cm اور PR = 24 cm ہے تو QR معلوم کیجیے۔

2۔ ABC ایک مثلث ہے جس میں C پر زاویہ قائمہ بن رہا ہے
اگر AB = 25 سم اور AC = 7 cm ہو تو BC معلوم کیجیے۔




3۔ ایک 15 میٹر لمبی سیڑھی، 12 میٹر اونچی کھڑکی پر دیوار کے سہارے لگائی گئی ہے۔ زمین پر سیڑھی کا دیوار سے فاصلہ a ہے۔ سیڑھی کے نچلے حصے کا دیوار سے فاصلہ بتائیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کون سے قائمہ زاوی مثلث کے اضلاع کی لمبائیاں ہو سکتی ہیں۔


(i) 2.5 سم، 6.5 سم، 6 سم

(ii) 2 سم، 2 سم، 5 سم

(iii) 1.5 سم، 2 سم، 2.5 سم

قائمہ زاوی مثلث کے کیس میں زاویہ قائمہ معلوم کیجیے۔

5۔ ایک پیڑ زمین سے 5 میٹر کی اونچائی سے ٹوٹ گیا اور اس کا اوپری سرا زمین کو پیڑ کی جڑ سے 12 میٹر کی دوری پر چھور ہا ہے۔ پیڑ کی اصلی اونچائی بتائیے۔




6۔ ΔPQR کے Q اور R زاویے بالترتیب 25° اور 65° کے ہیں۔ لکھیے مندرجہ ذیل میں سے کون سے درست ہیں۔

(i) $PQ^2 + QR^2 = RP^2$

(ii) $PQ^2 + RP^2 = QR^2$

(iii) $RP^2 - QR^2 = PQ^2$

7۔ اس مستطیل کا احاطہ بتائیے جس کی لمبائی 40 سم اور وتر 41 سم ہے۔

8۔ ایک معین کے وتروں کی پیائش 16 سم اور 30 سم ہے اس کا احاطہ بتائیے۔

## سوچیے، بحث کیجیے اور لکھیے

1۔ مثلث PQR کا سب سے لمبا ضلع کون سا ہے جس کا زاویہ قائمہ P پر ہے؟

2۔ مثلث ABC کا سب سے لمبا ضلع کون سا ہے جس کا زاویہ قائمہ B پر ہے؟

3۔ ایک قائمہ زاوی مثلث کا سب سے لمبا ضلع کون سا ہے؟

4۔ کسی مستطیل کے وتر کے ذریعے حاصل ہوا رقبہ وہی ہوگا جو رقبہ اس کی لمبائی اور چوڑائی کے ذریعہ حاصل ہوگا یہ بودھیان کا مسئلہ ہے۔ اس کا موازنہ فیثاغورث کی خصوصیت سے کیجیے۔

## خود کریں

### متمول سرگرمی

قطع و برید اور ترتیب نو کے ذریعے فیثاغورث کے مسئلہ کے بہت سارے ثبوت دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کچھ کو جمع کیجیے اور ان کی وضاحت کے لیے چارٹ بنائیے۔

## ہم نے کیا سیکھا؟

1۔ کسی مثلث کے 6 حصے (elements) ہوتے ہیں۔ 3 اضلاع اور 3 زاویے۔

2۔ کسی مثلث کے ایک راس کو اس کے متقابل ضلع کے درمیان وسطی نقطے سے ملانے والے قطعہ خط کو مثلث کا وسطانیہ کہتے ہیں۔ ایک مثلث کے تین وسطانیہ ہوتے ہیں۔

3۔ کسی مثلث کے ایک راس سے اس کے متقابل ضلع پر کھینچا جانے والا عمودی خط ارتفاع کہلاتا ہے۔ ایک مثلث کے تین ارتفاع ہوتے ہیں۔

4۔ جب ایک مثلث کسی ایک ضلع کو بڑھایا جاتا ہے۔ تو بیرونی زاویہ بنتا ہے۔ ہر ایک راس پر بیرونی زاویے بنانے کے دو طریقے ہیں۔

5۔ بیرونی زاویوں کی ایک خصوصیت:

کسی مثلث کے بیرونی زاویہ کی پیائش اس کے دونوں متقابل داخلی زاویوں کی پیائش کے جوڑ کے برابر ہوتی ہے۔

6۔ مثلث کے تینوں زاویوں کی کل پیائش $180°$ کے برابر ہوتی ہے۔ مثلث کے زاویوں کے جوڑ والی خصوصیت۔

7۔ ایک مثلث مساوی الاضلاع مثلث کہلاتا ہے اگر اس کے ہر ضلع کی لمبائی ایک ہی ہے مساوی الاضلاع مثلث کے ہر ایک زاویہ کی پیائش $60°$ ہوتی ہے۔

8۔ ایک مثلث مساوی الساقین مثلث کہلاتا ہے اگر اس کے کوئی بھی دو اضلاع کی لمبائی برابر ہو۔

مساوی الساقین مثلث کی غیر برابر ضلع کو اس کا قاعدہ کہتے ہیں۔ ایک مساوی الساقین مثلث کے قاعدہ پر بنے دونوں زاویوں کی پیائش آپس میں برابر ہوتی ہے۔

9۔ مثلث کے اضلاع کی لمبائی کی خصوصیت۔

ایک مثلث کے کوئی بھی دو اضلاع کی لمبائیوں کا جوڑ تیسرے ضلع کی لمبائی سے بڑا ہوتا ہے۔

مثلث کے کوئی بھی دو اضلاع کی لمبائیوں کا فرق تیسرے ضلع کی لمبائی سے چھوٹا ہوتا ہے۔

اس خصوصیت کا استعمال یہ جاننے کے لیے کیا جاتا ہے کہ اگر تین اضلاع کی لمبائیاں معلوم ہیں تو کیا ان اضلاع کی مدد سے مثلث بن سکتا ہے یا نہیں۔


10۔ زاویہ قائمہ مثلث کے زاویہ قائمہ کے متقابل ضلع کو وتر کہتے ہیں اور باقی دو ضلعوں کو بازو کہتے ہیں۔

11۔ **فیثاغورث کی خصوصیت:**

قائمہ زاوی مثلث میں

وتر پر بنا مربع = دونوں بازوں پر بنے مربعوں کا جوڑ

اگر مثلث قائمہ زاوی مثلث نہیں ہے تو یہ خصوصیت لاگو نہیں ہوتی۔ اس خصوصیت کا استعمال یہ طے کرنے کے لیے بھی کیا جا سکتا ہے کہ دیا گیا مثلث قائمہ زاوی مثلث ہے بھی یا نہیں۔



© NCERT not to be republished